قارئین بنام مدیر

افکار و تاثرات

- حقائق السنن شرح جامع السنن للترمذی — شیخ الحدیث مولانا محمد حسن جان مدظلہ
- غیر مسلم اور سیرت نگاری — مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ،
- قادیانیت کے نئے حربے — جناب شبیر احمد نفیسی لاہور
- اسلامی تاریخ کا شرمناک سانحہ — جناب عبدالسلام۔ کراچی
- الحق کے اہداف، مضامین اور تاثرات — مولانا محمد ازہر، مولانا مفتی ولی حسن

حقائق السنن شرح جامع السنن للترمذیؒ

"حقائق السنن شرح جامع الترمذی"۔ از شیخ الحدیث استاذ العلماء حضرت مولانا عبدالحق صاحب مہتمم و شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک رحمۃ اللہ علیہ و نور اللہ مرقدہ العزیز و افاض علیہ شآبیب مغفرتہ و احسانہ۔ اپنی افادیت، اور شریعت مطہرہ کے اسرار و رموز اور حکم و مصالح، اور سنن ترمذی کی ہر اعتبار سے ایک جامع شرح کی حیثیت سے ایک عظیم علمی شاہکار ہے اور حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا صدقہ جاریہ اور نیک یادگار ہے جس سے نہ صرف علماء کرام اور محدثین عظام اور طلبہ دورہ حدیث شریف استفادہ کرتے ہیں۔ بلکہ جملہ اہل علم و قلم کے لیے دانشوروں، حکماء، صوفیائے عظام اور وکیلوں، ڈاکٹروں کے ساتھ فلاسفر اور جدید و قدیم معلومات حاصل کرنے کے شوق و ذوق رکھنے والوں کے لئے ایک دائرۃ المعارف، اور تاریخی، علمی، فلسفی، محدثانہ مباحث اور شریعت نبویؐ کے فوائد و مصالح اور رموز و اسرار کا حسین مرقع ہے۔ اس عظیم شرح کی ترتیب و تالیف اور تحسین و تحشیہ اور عناوین و مراجعت میں اصلاً برادر گرامی قدر مولانا عبدالقیوم حقانی کا بہت بڑا حصہ ہے جو انہوں نے مخدوم محترم مولانا سمیع الحق مدظلہ کی نگرانی و سرپرستی اور رہنمائی میں سرانجام دیا ہے۔ جو نہایت قابل تحسین اور مبارکباد ہے۔

اسی طرح ماہنامہ الحق میں "مختلف پیشوں سے تعلق رکھنے والے ارباب علم و کمال کا تذکرہ بھی اپنے موضوع و مقصد میں یکتا ہے۔ جو ایک نادر و نایاب اور تاریخی کتاب "کتاب الانساب للعلامۃ السمعانی" جس کے نام سے بھی بہت کم لوگ متعارف ہوں گے، کے بعض اہم اور نادر موضوعات کا خلاصہ اور نچوڑ ہے۔ کہ اہل علم و کمال نے اپنی علمی، مطالعاتی تحقیقی زندگی کے ساتھ ساتھ رزق حلال حاصل کرنے کے لئے ہر قسم کے جائز اور مشروع ذرائع اپنانے سے دریغ نہیں کیا اور طلب العلم فریضۃ علی مسلم پر عمل کرتے ہوئے "طلب الحلال فریضۃ بعد الفریضۃ"، پر بھی عمل پیرا رہے ہی ذوق کے ساتھ، کسی کے دست نگر بن جانے سے حلال پیشہ اختیار کرنا ہزار بار بہتر اور ضروری ہے بہت سے علماء امام محدثین اور فقہائے عظام، اپنے فنون میں مہارت اور شغف کے ساتھ حداد۔ لوہار۔ قصاد۔ دھوبی